ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(587)

مورخہ 04.11.2023

**بہاولپور(          )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاون،گزشتہ 02روز کی مختلف کارروائیوں میں 19ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں منشیات،شراب وناجائز اسلحہ برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ صدر بہاولپور،تھانہ اوچشریف،تھانہ سمہ سٹہ،تھانہ ڈیروار اور تھانہ قائم پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 08ملزمان دانش مسیح،فرید،رمضان،راشد،مظہر خان،فقیر حسین،صدیق اور شاہد کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 524لیٹر شراب برآمد کرلی۔اسی طرح منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ صدر بہاولپور،تھانہ عباسنگر،تھانہ صدر حاصل پور،تھانہ اوچشریف اور تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے 06ملزمان شہزاد،آصف،شہباز،الیاس،ادریس اور اختر کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 08 کلو 700 گرام چرس برآمد کرلی۔جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ سول لائنز،تھانہ کینٹ،تھانہ صدر حاصل پور اور تھانہ ڈیراور پولیس نے 05ملزمان علی حسنین،آصف،ادریس،اختر اور عمر فاروق کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 04عدد پسٹل 30بور اور 01عدد رائفل 44بور برآمد کرلی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،شراب اور منشیات ایک لعنت ہے،معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن،گزشتہ 02روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار،بھاری مقدار میں منشیات،شراب و ناجائز اسلحہ برآمد